FAIZ AHMED FAIZ

★

MODERN URDU POETRY

(1857 - 1939)

SYNOPSIS OF
THE Ph.D THESIS OF FAIZ

DISCOVERED AND EDITED WITH
INTRODUCTION

BY

PROFESSOR DR. EBADAT BRELVI

★

Published by

LITERARY HISTORY PROJECT
IDARA-I-ADAB-O-TANQID
LAHORE

FAIZ AHMED FAIZ

MODERN URDU POETRY (1857 - 1939)

SYNOPSIS OF THE Ph.D THESIS OF FAIZ

DISCOVERED AND EDITED WITH INTRODUCTION

BY

PROFESSOR DR. EBADAT BRELVI

Former
Professor of Urdu and Principal Oriental College
UNIVERSITY OF THE PUNJAB, LAHORE.

Published by

LITERARY HISTORY PROJECT
IDARA-I-ADAB-O-TANQID
LAHORE

MODERN URDU POETRY (1857 - 1939)

Author	:	Faiz Ahmad Faiz
Discovery and Research	:	Professor Dr. Ebadat Brelvi
Introductioo	:	Professor Dr. Ebadat Brelvi
Printer	:	Nadeem Press, Lahore
Publisher	:	Manager, Idara-i-Adab-o-Tanqid, Lahore
Sponsors	:	Pakistan Academy of Letters, Islamabad
First Published	:	February, 1989
Price	:	Rs. 60.00

F O R

ALYS FAIZ

SALIMA
&
MUNIZA

EBADAT BRELVI

CONTENTS

Introduction 7

Faizs' Application for Ph.D. 9

Synopsis · Modern Urdu Poetry (1857 · 1939) 11

Office Notes Etc. of the University Office 15

Bibliography 23

INTRODUCTION

Pakistani Poet of International fame Faiz ahmed Faiz was born in Sialkot on 13th February 1911. He was educated at Scotch Mission School Sialkot. He passed his Matriculation Examination from this Institution in 1927. For his college education he joined the Murray College Sialkot and from this college he passed his intermediate Examination in 1929, and secured first division.

He came to Lahore in 1931, joined the well known Goverament College, Lahore, and passed B.A. (Hons) in 1931 and M.A. Examination of the University of the Punjab in 1933. After passing M.A. Examination in English Language and Literature he joined the University Oriental College, Lahore and passed M.A. Examination in Arabic in 1934.

After passing these Examinations he joined the M.A.O. College Amritsar as Lecturer in English in 1935 and served this Institution until 1941. He also served as Lecturer in English in Halley College of Commerce, Lahore.

During the Second World War Faiz joined the Indian Army as Public Relation Officer and became a Lieutenant Colonel. He served in this capacity until 1947.

After Partition of India, when Pakistan was established, he came back to Lahore, and joined The Pakistan Times as Chief Editor. He was arrested under the Safety Act in 1951 but was released in 1955. He was awarded Lenin Prize for Literature in 1962, and settled down in England, but could not stay there for more than two years. He came back to Pakistan and served as Principal Abdullah College Karachi, and also served as Secretary Pakistan Art Council and the R.C.D. He was in Beirut for quite some time as Editor of the Lotus.

Faiz died in Lahore on 19th November 1984 and was buried in Model Town Graveyard, Lahore.

Faiz was essentially a poet. He was internationally recognised as a great Urdu poet of Pakistan. His works were translated into English and other European Languages.

He was also a critic and a research worker of a very high standard.

During his stay at M.A.O. College Amritsar he submitted an application and a detailed Synopsis for Ph.D. Degree of the University of the Punjab, Lahore. His subject was "A Survey of Modern Urdu Poetry 1857 - 1939". But unfortunately it was not accepted by the University Authorities, because in their opinion "the scope of the thesis was too wide", and, therefore, they advised the candidate that he might with advantage discuss the subject of his thesis with the University Lecturer in Urdu. Faiz was frustrated and did not proceed further.

I, however, discovered these rare papers containing Synposis of his thesis and Office Notes etc.of the University and decided to publish this rare piece of Literature and criticism for the benefit of the Literary World.

Lahore
16 February, 1989

EBADAT BRELVI

14553
P NOV 1939
LAHORE

To

The Dean of the University Instruction
University of the Punjab,
Lahore.

Sir,

I beg to offer the following subject for the degree of Ph.D (Arts faculty) of the Punjab University and solicit the favour of your approval.

L.P.L

"Modern Urdu Poetry 1857 – 1939"

I have worked on this subject for over two years and in the absence of critical literature I have had to rely almost entirely on original data.

My main thesis would be

i) to relate the poetic output of this period mentioned to its socio-political background.

ii) to assess its literary significance from the stand-point of current critical theory.

I need not emphasize the fact that Urdu Literature, the modern period in particular has not been subjected to comprehensive, scientific criticism so far.

I append herewith ~~herein~~ an outline of the plan I propose to follow.

Chapter I

Background and Origins.

The decay of the Moghul Empire, socio-economic conditions during the reign of the later Moghals, the Courts of Dehli & Lucknow, their characteristics and traditions. Decadent Court poetry, its symbols and conventions.

Chapter II

The Precursors of the Modern movement.

Mir, Sauda, Insha, Mir Hassan, Anis, Nazir Akbar abadi.

Chapter III

The Eve of the Indian Mutiny, the Court of Bahadur Shah, the Mutiny, the disintegration of feudalism and the impact of the west - new values and institutions.

Chapter IV

The first and the last — Ghalib. His literary significance and his contribution to the modern movement

Chapter V

The beginnings of the modern movement, the renascence of letters, the Sir Syed group, Hali, Azad & Akbar.

Chapter VI

The Lucknow tradition, the Courts of Rampur and Hyderabad.

Chapter VII

The twentieth century, the pre-war scene, new factors in the situation, the growth journalism, magazines, makhzan, Al Nazir etc. etc.

Chapter VIII
The Camp-followers.
Ismail, Chakbast, Sarur, Mohsin, Nadir, Rahman
etc.

Chapter IX
The Present.
The political situation — the national struggle, the rise of democracy, the socio-economic environment, the consolidation of Western influence, experiments in poetic content and technique.
Chapter X
Contemporary Poets.
The traditionalists. Shad, Riaz, Jalil, Hasrat Mohani.
Chapter XI
The traditionalists, Asghar, Jigar, Fani, Yas, Bekhud and others
Chapter XII
The Moderns
Iqbal. a detailed exposition of his life, work and influence.
Chapter XIII and XIV
The Moderns.
Josh, Sinah, Zafar Alikhan and the rivalry Hafiz, Akhtar Shirani, Saghar, Rawish and the decadent lyricists.
Chapter XV
The Coming poets and the future outlook.

To bring out the continuity of the

poetic tradition I have permitted myself a few liberties with chronology and I do not propose to deal with those poets whose contribution to this tradition has been negligible.

Thanking you etc. etc.

Yours sincerely,
Jaisi Ahmed.
M.A.

M.A.O. College
Amritsar
3/11/39.

17132
15/11/39

Faiz Ahmad, Esq., M.A.,
M.A.O. College,
Amritsar.

Sir,

With reference to your application dated the 3rd November, 1939, for permission to submit a thesis for the Degree of Doctor of Philosophy, I have the honour to request you to apply on the enclosed prescribed application form.

I have etc., etc.,

D.A/one
Case back home ok.
J.R Dom
16/11

Assistant Registrar,
University of the Panjab.

19288
11/12/39

Faiz Ahmad,Msq.,M.A.,
M.A.O.College,
Amritsar.

Sir,

I have the honour to invite your immediate attention to this office letter number 17132 dated the 15th November,1939, and to request that the prescribed form for the Degree of Doctor of Philosophy may pleaee be aent to this office duly filled in by you.

I have etc., etc.,

Assietant Registrar,
University of the Panja

Can back them.
12/12

UNIVERSITY OF THE PANJAB.

Applicants should fill in the form carefully.

APPLICATION FOR PERMISSION TO SUBMIT A THESIS FOR THE DEGREE OF DOCTOR OF PHILOSOPHY.

Name of applicant Faiz Ahmed X

University Registered Number 279 54 X

Faculty in which permission is sought Arts

Proposed subject of thesis A Survey of Urdu Poetry 1857—1939.
(A detailed plan has been submitted separately)

	Name of Examination.	Year of passing	Subject offered	Division.	Name of University
(a)	B.A. (Hons) ~~B.Sc~~	1931	Eng. Phil Arabic, Hons	II	The Punjab
(b)	M.A. ~~Matric~~	1933 X 1934 X	English X Arabic X	II X I	" " " "

Period for which research work done and the authority under whose supervision the work ~~was done/~~ is being done.
i) Over two years
ii) Doctor M. D. Taseer, MA PhD (Cantab) Principal M. A. O College, Amritsar

Institution where he is working at present
M. A. O. College, Amritsar

Address M A O. College Amritsar *Signature* Faiz Ahmed

Remarks and recommendation of the officer under whose guidance the work was conducted or is being conducted in accordance with Regulation I (b) or II (ii) or III (ii) for the Degree of Doctor of Philosophy —

The applicant has worked under my direction. The work already done by him qualifies him to be accepted as a candidate for the degree of Ph. D. I think that the work when completed will be a valuable addition to human knowledge.

M. D. Taseer
M A Ph D (Cantab)
Principal M.A.O. College
Amritsar
15-12-39

Note — (1) Candidates who have passed their Degree of Master examination from some other University should submit their diplomas, in original under a registered cover.

(2) Application should be accompanied with a detailed synopsis and bibliography of the proposed thesis.

Office remarks re eligibility :— He is eligible under Regulation II (i) clause (e) at page 226 – 227 of the Calendar there.

Registrar.

18/12/39

We may ask in Spring in Board of Studies Arabic etc.

DD 19/12/39

Dean F. J.

Orders of D. U. I

Board of Studies Arabic etc

DD 23/12/39

Remarks by the University Professor or the gentleman concerned.

Final orders by D. U. I.

New Imperial Press, Lahore—200—19-5-39.

Copy of paragraph 3 from the proceedings of a meeting of the Board of Studies in Arabic, Persian etc., dated the 22nd February, 1940.

.....

3. Considered an application from Mr. Faiz Ahmad M.A. for approval of a subject for a Ph.D. Thesis.

The Board was of opinion that the scope of his thesis was too wide. He might with advantage discuss the subject of his thesis with the University Lecturer in Urdu and then apply again.

1.3.40.

University of the Panjab.

OFFICE NOTE

Applications for approval of subjects of theses for the Ph.D.Degrse.

Mr. Ejaz Ahmad, M.A.

Proposed subject of his thesis:

"A Survey of Urdu Poetry 1857-1939".

He passed the M.A.(Arabic) Examination in 1934 and M.A.(English) Exam in 1933. He has been doing the research work for over two years under the directions of Doctor M.D.Tasser. The application was referred to the Board of Studies in Arabic. The Board is of opinion that the scope of his thesis was too wide. He might with advantage discuss the subject of his thesis with the University Lecturer in Urdu and then apply again.

8/3/40.

UNIVERSITY OF THE PANJAB.

Copy of paragraph 5 from the proceedings of a meeting of the Standing Committee of the Academic Council dated the 9th March, 1940.

---

5. The Standing Committee considered the opinion of the Board of Studies in Arabic, Persian, etc., on the application of Mr. Faiz Ahmad, M.A., for the approval of 'A Survey of Urdu Poetry 1857-1939' as the subject of his thesis for the Ph.D. Degree, and decided to recommend to the Council that the opinion of the Board, to the effect that the scope of the thesis was too wide and that the candidate might with advantage discuss the subject of his thesis with the University Lecturer in Urdu and then apply again, be endorsed.

Extract from paragraph 1 of the proceedings of a meeting of the Academic Council dated the 20th March, 1940.

---

1. The Council considered the proceedings of a meeting of its Standing Committee dated the 9th March, 1940.

x x x

(d) The following recommendations made in paragraphs 4, 5, 6 and 7 were approved:-

x x x

(ii) That the subject entitled 'A Survey of Urdu Poetry 1857-1939' proposed by Mr. Faiz Ahmad, M.A., for his thesis for the Ph.D. Degree be not accepted because the scope of the thesis was too wide, and that the candidate might with advantage discuss the subject of his thesis with the University Lecturer in Urdu if he desired to apply again.

x x x

No. 6124 Dated. 11/4/40

Copy of the above forwarded to Faiz Ahmad, Esqr. M.A., M.A.O. College, Amritsar, for information.

Registrar.

UNIVERSITY OF LAHORE.

Copy of paragraph 5 from the proceedings of a meeting of the Standing Committee of the Academic Council Dated the 9th March, 1940.

---

5. The Standing Committee considered the opinion of the Board of Studies in Arabic, Persian etc., on the application of Mr.Faiz Ahmed, M.A., for the approval of 'A Survey of Urdu Poetry 1857-1939' as the subject of his thesis for the Ph.D Degree, and decided to recommend to the Council that the opinion of the Board, to the effect that the scope of the thesis was too wide and that the candidate might with advantage discuss the subject of his thesis with the University Lecturer in Urdu and then apply again, be endorsed.

Extract from paragraph 1 of the proceedings of a meeting of the Academic Council dated the 20th March, 1940.

I. The Council considered the proceedings of a meeting of its Standing Committee dated the 9th March, 1940.

X X X

(d) The following recommendations made in paragraphs 4, 5, 6 and 7 were approved:-

X X X

(ii) That the subject entitled 'A Survey of Urdu Poetry 1857-1939' proposed by Mr. Faiz Ahmad, M.A., for his thesis for the Ph.D. Degree be not accepted because the scope of the thesis was too wide, and that the candidate might with advantage discuss the subject of his thesis with the University Lecturer in Urdu if he desired to apply again.

X X X

No. 6366 Dated. 18/4/40.

Copy of the above forwarded to H.M.Shairani, Esqr., Lecturer in Urdu, Oriental College, Lahore, for information.

Registrar.

BIBLIOGRAPHY

1. Naqsh-i-Faryadi 1941
2. Dast-e-Saba 1953
3. Zindan Nama 1956
4. Mizan (Articles on Criticism) 1962
5. Dast-e-Tahe Sang 1965
6. Sar-e-Vadri-e-Sina 1971
7. Sham-e-Shahr Yaran 1979
8. Mera Dil Mera Musafir 1981
9. Kulliyat, Published in London 1983
10. Nuskha ha-i-Wafa (Kulliyat) 1984
11. Saliben Mere Dariche men
12. Mata-e-Lauh-o-Qalam
13. Mah-o-Sale-Ashnai
14. Iqbal (Essays on Iqbal) 1984
15. Poems by Faiz, translated by Victor Kiernan
16. Magazines and Journals
    - Adabe - Latif, Lahora
    - Adabi Dunya, Lahore
    - Humayun, Lahora
    - Savera, Lahora
    - Afkar, Karachi
    - Ghalib, Karachi
    - Naya Daur, Karachi
    - Lotus, quarterly, Beirut.

کتابیات

۱ ـــ نقشِ فریادی ۱۹۴۱

۲ ـــ دستِ صبا ۱۹۵۳

۳ ـــ زنداں نامہ ۱۹۵۶

۴ ـــ میزان ۱۹۶۲

۵ ـــ دستِ تہِ سنگ ۱۹۶۵

۶ ـــ مرے وادیٔ سینا ۱۹۷۱

۷ ـــ شامِ شہرِ یاراں ۱۹۷۹

۸ ـــ مرے دل مرے مسافر ۱۹۸۱

۹ ـــ کلیاتِ مطبوعہ لندن ۱۹۸۳

۱۰ ـــ نسخہ ہائے وفا (کلیات) ۱۹۸۴

۱۱ ـــ صلیبیں مرے دریچے میں

۱۲ ـــ متاعِ لوح و قلم

۱۳ ـــ مہ و سال آشنائی

۱۴ ـــ فیض کی نظمیں انگریزی ترجمہ ڈکٹر کیرن

۱۵ ـــ اقبالؒ (علامہ اقبال پر تنقیدی مضامین)

۱۶ ـــ رسالے : ادبِ لطیف لاہور

ادبی دنیا لاہور

سویرا لاہور

افکار کراچی

غالب کراچی

نیا دور کراچی

ٹولس، سیاہی بیروت

کی گئی، اور بورڈ نے یہ فیصلہ کیا کہ اُن کے تحیسنر کا موضوع بہت پھیلا ہوا ہے، اس لئے اس سلسلے میں انہیں یونیورسٹی کے اُردو لکچرار سے مشورہ کرنا چاہیئے۔

۹ مارچ ۱۹۴۰ء کو یہ معاملہ اکیڈمک کونسل کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے سامنے پیش کیا گیا۔ اس کمیٹی نے بورڈ کے فیصلے سے اتفاق کیا۔ اور ۲۰ مارچ ۱۹۴۰ء کو اس کی کاروائی اکیڈمک کونسل کی میٹنگ کے سامنے پیش کی گئی۔ اور اکیڈمک کونسل نے بھی اس سے اتفاق کیا۔

چنانچہ ۱۷ اپریل ۱۹۴۰ء کو اس کی اطلاع یونیورسٹی کے رجسٹرار نے مراسلہ نمبر ۶۱۲۴ مورخہ ۱۷/۴/۴۰ کے ذریعے فیض صاحب کو بھجوادی — اور اس کی ایک نقل مراسلہ نمبر ۶۶۳ مورخہ ۱۸ اپریل ۱۹۴۰ء کے ساتھ حافظ محمود شیرانی صاحب لکچرار اُردو، یونیورسٹی اورینٹل کالج کو بھی اطلاعاً بھیج دی گئی۔

اس کے بعد کچھ معلوم نہیں کہ کیا ہوا۔ خدا جانے فیض صاحب پنجاب یونیورسٹی کے اُردو لکچرار محمود شیرانی صاحب سے ملے یا نہیں — قیاس یہ کہتا ہے کہ فیض صاحب نے، یونیورسٹی کے عجیب و غریب فیصلے کے پیش نظر شیرانی صاحب سے ملنے اور تبادلہ خیال کرنے کو مناسب خیال نہیں کیا، اور بددل ہو کر پی۔ ایچ۔ ڈی کرنے کا خیال چھوڑ دیا۔

عبادت بریلوی

یونیورسٹی کے دفتر کی کاروائی

جدید اُردو شاعری کے موضوع پر پی ایچ ڈی کرنے کے لئے جو درخواست فیض صاحب نے پنجاب یونیورسٹی کے ڈین کو پیش کی تھی وہ سادے کاغذ پر تھی۔ جب یہ درخواست یونیورسٹی پہنچی تو رجسٹرار کی طرف سے اس کے جواب میں ایک خط لکھا گیا جس میں فیض صاحب کو یہ ہدایت کی گئی کہ وہ چھپے ہوئے فارم پر درخواست پیش کریں۔ اس سلسلے میں ۱۱/۱۲/۳۹ کو یاددہانی کے لئے بھی ایک مراسلہ نمبر ۱۹۲۸۸ انہیں بھیجا گیا۔

فیض صاحب نے اس کی تعمیل کی اور چھپے ہوئے فارم کو پُر کیا۔ اپنے تعلیمی ریکارڈ کی تفصیل اس میں پیش کی، اور ڈاکٹر ام۔ ڈی تاثیر صاحب پرنسپل ام۔ اے۔ او کالج امرتسر کے ایک نوٹ کے ساتھ یہ فارم ۱۳/۱۲/۳۹ کو پنجاب یونیورسٹی کے رجسٹرار کو واپس بھیج دیا۔

تاثیر صاحب نے اس پر مندرجہ ذیل نوٹ لکھا:۔

"درخواست دہندہ نے میری نگرانی میں یہ کام کیا ہے۔ جو کام اب تک انہوں نے کیا ہے اُس کے پیش نظر یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس موضوع پر پی ایچ ڈی کا کام کرنے کے اہل ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ کام جب مکمل ہو جائے گا تو انسانی علوم میں گراں قدر اضافے کا باعث ہوگا۔"

ام۔ ڈی۔ تاثیر

ام۔ اے، پی ایچ ڈی (کینٹب)

پرنسپل ام۔ اے۔ او کالج، امرتسر ۱۵/۱۲/۳۹

اس کے بعد فیض کی یہ درخواست اور خاکہ عربی فارسی کے بورڈ آف اسٹڈیز کی میٹنگ میں ۲۲ فروری ۱۹۴۰ء کو پیش کیا گیا۔ بورڈ نے اس پر یہ رائے ظاہر کی کہ یہ موضوع بہت پھیلا ہوا ہے۔ اس لئے انہیں اپنے پی ایچ ڈی کے اس مقالے کو مفید بنانے کے لئے یونیورسٹی کے اُردو لکچرار سے تبادلۂ خیال کرنا چاہیئے۔

یونیورسٹی کے دفتر نے اس فیصلے پر یہ دفتری نوٹ لکھا کہ فیض نے ام۔ اے عربی کا امتحان ۱۹۳۴ء اور ام۔ اے انگریزی کا امتحان ۱۹۳۳ء میں پاس کیا ہے۔ پی ایچ ڈی کے لئے کام کرنے کی یہ درخواست عربی فارسی کے بورڈ کے سامنے پیش

نواں باب

دورِ حاضر

سیاسی صورتِ حال ـــــ قومی جدوجہد، جمہوریت کے خیالات و نظریات کا آغاز ـــــ معاشرتی معاشی ماحول ـــــ مغربی اثرات کا استحکام ـــــ شاعری میں موضوعات اور تکنیک کے تجربات۔

دسواں باب

اس دور کے معاصر شاعر

روایت پسند ـــــ شاد، ریاض، جلیل، حسرت موہانی،

گیارہواں باب

روایت پسند ـــــ

اصغر، جگر، فانی، یاس، بیخود اور دوسرے

بارہواں باب

جدت کے علم بردار

اقبالؒ ـــــ اُن کی زندگی، شخصیت، شاعری ـــــ اور اس کے اثرات

تیرہواں باب اور چودھواں باب

جدت کے علم بردار

جوش، سیماب، ظفر علی خاں اور اُن کے مُقلد ـــــــــــ حفیظ، اختر شیرانی، ساغر، روش، اور روایتی غزل گو

پندرہواں باب

نئے آنے والے شعراء اور مُستقبل

میں نے شاعری کی اس روایت کے تسلسل کو تاریخی ترتیب سے آزاد رہنے کی تھوڑی سی جسارت کی ہے، اور ایسے شاعروں کے ذکر سے احتراز کیا ہے جن کا اس روایت کو پروان چڑھانے میں کوئی خاص کارنامہ نہیں ہے۔

فیض احمدؔ (ام۔اے)

ام۔اے۔او کالج
امرتسر
۳۹/۱۱/۳

خاکہ برائے پی ایچ ڈی

پہلا باب

پس منظر اور آغاز وارتقا

مغلیہ سلطنت کا زوال و انحطاط۔ مغلوں کی حکومت کے دور آخر میں معاشی معاشرتی حالت۔ دہلی اور لکھنؤ کے دربار اُن کی خصوصیات اور روایات ـــــ زوال آثار درباری شاعری ـــــ اُن کی علامات واشارات اور روایتی پیرایۂ بیان۔

دوسرا باب

جدید تحریک کے پیش رو ـــــ میر، سودا، انشاء، میر حسن، انیس، نظیر اکبر آبادی۔

تیسرا باب

ہندوستان کی بغاوت کا زمانہ ـــــ بہادر شاہ ظفر، کا دربار، بغاوت (غدر) ـــــ جاگیرداری کا خاتمہ، اور مغرب کے اثرات۔ نئی قدریں اور ادارے۔

چوتھا باب

پہلے اور آخری ـــــــــ غالب اور اُن کی ادبی اہمیت ـــــ جدید تحریک میں اُن کا کارنامہ۔

پانچواں باب

جدید تحریک کا آغاز وارتقا ـــــ نشاۃ الثانیہ ـــــ سرسید اور اُن کے رُفقاء ـــــ حالی، آزاد اور اکبر۔

چھٹا باب

لکھنو کی روایت ـــــــــ رام پور اور حیدر آباد کے دربار

ساتواں باب

بیسویں صدی۔ پہلی جنگ عظیم سے قبل کا منظر ـــــ صورت حال میں نئے پہلو ـــــ صحافت کا آغاز وارتقا ـــــ رسائل: مخزن، الناظر وغیرہ وغیرہ

آٹھواں باب

متبعین ـــــ اسمٰعیل، چکبست، سرور، محسن، نادر، محروم وغیرہ۔

فیض احمد فیض

کی

درخواست برائے پی۔ ایچ۔ ڈی

بخدمت

ڈین آف یونیورسٹی انسٹرکشن

پنجاب یونیورسٹی

لاہور

جناب والا!

میں پنجاب یونیورسٹی کی پی۔ ایچ۔ ڈی ڈگری (آرٹس فیکلٹی) کے لئے تحقیقی کام کرنے کی غرض سے مندرجہ ذیل موضوع پیش کرتا ہوں،

"جدید اُردو شاعری ۱۸۵۷ - ۱۹۳۹"

اُمید ہے جناب والا اس کو منظور فرمائیں گے۔

میں نے دو سال سے زیادہ عرصے تک اس موضوع پر کام کیا ہے اور تنقیدی مواد کی عدم موجودگی میں زیادہ تر اصل ذرائع اور مواد کو پیش نظر رکھنے کی کوشش کی ہے۔

میرا بُنیادی تھیسز مندرجہ ذیل نکات پر مُشتمل ہوگا۔

۱۔ اس دور کی شاعری کا رشتہ اپنے زمانے کے سیاسی، معاشرتی اور تہذیبی حالات کے ساتھ۔

۲۔ مروجہ تنقیدی نظریے کی روشنی میں اس کی ادبی اہمیت کا جائزہ۔

مجھے اس حقیقت کو واضح کرنے کی ضرورت نہیں کہ اُردو ادب، خصوصیت کے ساتھ جدید دور کے اُردو ادب کا بھرپور مطالعہ سائنسی تنقید کی روشنی میں ابھی تک نہیں کیا گیا ہے۔

میں آئندہ صفحات میں تحقیقی کام کے اس منصوبے کا خاکہ پیش کرتا ہوں جو میرے پیشِ نظر ہے، اور جس پر میں تحقیقی و تنقیدی کام کرنا چاہتا ہوں۔

فیض احمد فیض

کرنے کی کوشش کی۔ کئی سال تک اس پر کام کیا۔

اور اب یہ نادر و نایاب اہم ادبی، تحقیقی اور تنقیدی دستاویز آپ کے سامنے ہے جو فیض کی شخصیت، شاعری اور تحقیق و تنقید کے مطالعے میں ہمیشہ ہمیشہ ایک مینارۂ نور بن کر اس راستے پر چلنے والوں کے لئے نشانِ راہ اور رہبر منزل ثابت ہوتی رہے گی۔

۸۷/۸۸۔ این، سمن آباد، لاہور
۱۶ر فروری ۱۹۸۹ء

عبادت بریلوی

نے رسالہ لوٹس کے اڈیٹر کی حیثیت سے بیروت میں گذارے، اور اس حیثیت سے اُنھوں نے ماسکو، لندن، اور یورپ کے دوسرے ممالک کا سفر کیا۔

اس زمانے میں اُن کی صحت خراب ہو گئی۔ اس لئے وہ مُستقل طور پر لاہور آ گئے، اور کئی سال بیماری دل میں مبتلا رہ کر ۲۰ نومبر ۱۹۸۴ء کو انتقال کر گئے۔ ماڈل ٹاؤن لاہور کا قبرستان اُن کی آخری آرام گاہ ہے۔

فیض ایک شاعر کی حیثیت سے بین الاقوامی شہرت کے مالک ہیں۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ وہ نظریے کے شاعر ہیں۔ وطن دوستی کے شاعر ہیں، انسانیت کے شاعر ہیں۔ بُنیادی انسانی اقدار کے شاعر ہیں۔ ظلم کے ہاتھوں پامال اور زخم خوردہ انسانوں کے شاعر ہیں، جبر و استبداد کے خلاف آواز بُلند کرنے والے باشعور لوگوں کے شاعر ہیں۔ طبقاتی تفریق کے خلاف جہاد کرنے والے مجاہدوں کے شاعر ہیں۔ ایک نئے نظام کو قائم کرنے والے انقلاب دوستوں کے شاعر ہیں۔ محبت اور جذب و جنوں کے شاعر ہیں۔ زندگی کی خوبصورتی اور نوعِ انسانی کی جذباتی اور جمالیاتی پہلوؤں کی پاس داری اور ذہن و شعور کے شاعر ہیں۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ ایک ایسے شاعر ہیں جس کی شاعری میں رس ہے، رعنائی ہے۔ جس میں روایت کا حُسن اور حُسن کی روایت ہے۔ اس شاعری میں الفاظ ایسے ڈھلے ڈھلائے اور ایسے رس میں ڈوبے ہوئے ہیں کہ ان پر شہد و شکر کا گُمان ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کی شاعری دلوں میں اُترتی اور حواس پر ایک سرخوشی بن کر چھا جاتی ہے۔ اُن کی شاعری کی مقبولیت کا راز اسی میں ہے۔

یہ صحیح ہے کہ فیض نے شاعری کی طرف زیادہ توجہ کی، اور اُن کی شاعری ہر اعتبار سے عظیم شاعری ہے۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ بنیادی طور پر وہ ایک ایڈیٹر آدمی تھے۔ علم و ادب اُن کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ وہ ایک اُستاد اور پروفیسر تھے۔ سنجیدہ تحریروں کا مطالعہ اُن کا محبوب مشغلہ تھا۔ وہ اعلیٰ درجے کی نثر بھی لکھتے تھے، اور اُن کا مزاج عالمانہ اور تحلیلی و تجزیاتی تھا۔ اسی لئے وہ ایک اچھے محقق اور اعلےٰ پائے کے نقاد تھے۔ اُن کی تنقیدی تحریریں اس خیال پر صداقت کی مہر لگاتی ہیں۔

اسی تحقیقی اور تنقیدی مزاج کا یہ اثر تھا کہ اُنھوں نے تدریس کے پیشے سے منسلک ہونے کے فوراً بعد ادبی تحقیق کی طرف توجہ کی اور جدید اُردو شاعری کے موضوع پر پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے تحقیقی مقالہ لکھنے کا خیال اُن کے دل میں پیدا ہوا۔ چنانچہ اُنھوں نے ڈاکٹر تاثیر کی نگرانی میں اس موضوع پر کام کرنے کے لئے ایک مُفصل خاکہ تیار کیا، اور اس کو پنجاب یونیورسٹی میں پیش کیا۔ لیکن یونیورسٹی کے اربابِ اختیار کی قدامت پرستی، نادانی اور کم فہمی کی وجہ سے اُنہیں اس موضوع پر کام کرنے کی اجازت نہیں ملی، کیونکہ یہ کہہ کر ان کے اس خاکے کو نامنظور کیا گیا کہ یہ موضوع بہت وسیع ہے۔

بریں عقل و دانش بباید گریست

اگر پی ایچ ڈی کرنے کے بہانے سے فیض یہ کام مکمل کر لیتے تو اُردو تحقیق و تنقید کی روایت میں گراں قدر اضافہ ہوتا، اور ایک ایسی کتاب اُردو شاعری، خصوصاً جدید اُردو شاعری سے دلچسپی لینے والوں کے ہاتھ آ جاتی جس سے وہ ہمیشہ ہمیشہ استفادہ کرتے۔

افسوس ہے پنجاب یونیورسٹی کی قدامت پرستی، کم علمی اور نادانی کی وجہ سے ایسا نہ ہو سکا۔ لیکن شکر ہے کہ فیض صاحب کے ہاتھ کا لکھا ہوا انگریزی زبان میں یہ خاکہ کسی غیبی مدد سے میرے ہاتھ آ گیا، اور میں نے اس کو ایک اہم ادبی دستاویز سمجھ کر محفوظ

وتالیف کا خاصا کام کیا تھا۔ اس زمانے کی اہم علمی ادبی شخصیتوں سے اُن کے تعلقات تھے۔ اِن میں علامہ اقبالؒ، سر شیخ عبدالقادر، مولانا حبیب الرحمٰن خاں شیروانی، مولانا سید سلیمان ندوی کے نام سرفہرست ہیں۔

ایک ایسے علمی ادبی گھرانے میں فیض نے آنکھ کھولی، اور اس ماحول کے اثرات اُن کی شخصیت پر بہت گہرے ہوئے۔ فیض کی تعلیم و تربیت کا آغاز مذہبی ماحول میں ہوا۔ چار سال کی عمر میں اُنھوں نے قرآن پاک حفظ کرنا شروع کیا۔ پھر وہ مولوی ابراہیم سیالکوٹیؒ کے مکتب میں داخل ہوئے اور انھوں نے وہاں اُردو، فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۲۱ء میں اُنھیں اسکاچ مشن اسکول سیالکوٹ میں داخل کیا گیا جہاں وہ تقریباً سات سال تک تعلیم حاصل کرتے رہے۔ انھوں نے ۱۹۲۷ء میں میٹرک کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ اس کے بعد وہ مرے کالج سیالکوٹ میں داخل ہوئے جہاں سے انھوں نے ۱۹۲۹ء میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان بھی فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ اس زمانے میں وہ مولانا سید میر حسن سے بھی علمی استفادہ کرتے رہے جس کی وجہ سے عربی، فارسی اور اُردو سے بھی اُن کی دلچسپی قائم رہی۔ بی۔ اے کرنے کے لئے وہ ۱۹۳۱ء میں لاہور آئے۔ گورنمنٹ کالج میں داخلہ لیا، اور یہاں سے ۱۹۳۳ء میں بی۔ اے اور بی۔ اے آنرز کے امتحانات پاس کئے۔ بی۔ اے کرنے کے بعد اُنھوں نے گورنمنٹ کالج سے انگریزی زبان و ادب میں ام۔ اے کیا۔ پھر اورینٹل کالج میں داخل ہوئے، اور ۱۹۳۴ء میں عربی زبان و ادب میں یہاں سے ام۔ اے عربی کا امتحان پاس کیا۔

یونیورسٹی کی تعلیم سے فارغ ہو کر فیض ۱۹۳۵ء میں ام۔ اے۔ او کالج امرتسر میں انگریزی زبان و ادب کے لکچرار ہو گئے۔ اور کئی سال تک انھوں نے اس کالج میں پڑھایا۔ اس کالج کا ماحول اُس زمانے میں علمی و ادبی تھا، اور ڈاکٹر تاثیر، ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری، ڈاکٹر اشرف، محمود الظفر وغیرہ اور اُردو سے کچھ اور نامور ادیب و شاعر اس کالج کے ساتھ منسلک تھے۔ ان کی وجہ سے فیض کے ادبی ذوق میں نکھار پیدا ہوا، اور اُن کے دل میں علمی ادبی کام کرنے کی لگن اور دُھن پیدا ہوئی۔ ۱۹۶۰ء میں وہ یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس میں انگریزی کے اُستاد کی حیثیت سے لاہور آ گئے، اور تقریباً دو سال یہاں تدریس کا کام کیا۔ ۱۹۳۹ء میں دوسری جنگ عظیم شروع ہوئی تو وہ فوج کے محکمہ تعلقات عامہ سے منسلک ہو گئے۔ اور لیفٹیننٹ کرنل کے عہدے تک پہنچے۔ اس زمانے میں اُن کا قیام دِلّی میں رہا۔ ۱۹۴۷ء میں جب پاکستان کا قیام عمل میں آیا تو وہ لاہور آ گئے اور کئی سال تک پاکستان ٹائمز کے اڈیٹر رہے۔ ۱۹۴۱ء میں ان کی شادی بیگم تاثیر کی بہن ایلیس سے ہوئی۔ جن سے اُن کی دو بیٹیاں سلیمہ اور منیزہ ہیں۔

پاکستان میں فیض کو قید و بند کی سختیاں بھی جھیلنی پڑیں۔ وہ ۱۹۵۱ء میں راولپنڈی سازش کیس میں سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار ہوئے اور کئی سال جیل میں رہے لیکن بالآخر ۱۹۵۵ء میں انہیں رہا کر دیا گیا۔ اس کے بعد ۱۹۵۸ء میں وہ ایک دفعہ پھر گرفتار ہوئے اور تقریباً ایک سال انھیں پھر جیل میں گذارنا پڑا۔ رہائی کے بعد وہ کئی سال تک پاکستان آرٹ کونسل کے سیکرٹری رہے۔ ۱۹۶۲ء میں انہیں لینن ادبی انعام ملا۔ اس کے بعد کچھ عرصے تک انھوں نے یورپ ایشیا، اور افریقہ کے مختلف ملکوں کی سیاحت کی۔ بالآخر ۱۹۶۳ء میں وہ لندن چلے گئے۔ وہاں مکان خرید لیا، اور مستقل طور پر علمی کام کرنے کے خیال سے اس شہر میں قیام کرنے کا ارادہ کیا لیکن وہاں اُن کا دل نہ لگا۔ اور وہ ۱۹۶۴ء میں پاکستان واپس آ گئے۔ کراچی میں عبداللہ کالج کے پرنسپل رہے۔ پھر پاکستان آرٹ کونسل سے اور آر۔ سی۔ ڈی کے اداروں میں کئی سال تک کام کیا۔ زندگی کے آخری چند سال انہوں

مُقدّمہ

بین الاقوامی شہرت کے پاکستانی اُردو شاعر فیض احمدؔ فیض ۱۳ر فروری ۱۹۱۱ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ بعض لوگوں نے اُن کی تاریخ پیدائش جنوری ۱۹۱۱ء اور جنوری ۱۹۱۲ء بتائی ہے۔ لیکن فیض نے اپنی ایک تحریر میں اس کی تصدیق کردی ہے کہ اُن کی صحیح تاریخ ولادت ۱۳ر فروری ۱۹۱۱ء ہے۔ لکھتے ہیں:۔

"تاریخ پیدائش اسکول کے کاغذات میں ۷ر جنوری ۱۹۱۱ء اور کہیں ۷ر جنوری ۱۹۱۲ء ہے۔ میں نے حال ہی میں ایک دوست سے فرمائش کی تھی کہ وہ سیالکوٹ کے دفتر بلدیہ سے پیدائش کے اندراجات کا ریکارڈ دیکھ کر صحیح تاریخ معلوم کرنے کی کوششیں کریں۔ اُن کی تحقیق کے مطابق بلدیہ کے کاغذات میں ۱۳ر فروری ۱۹۱۱ء تاریخ پیدائش درج ہے"۔ فیض احمد فیض ۱۶/۴/۶۵

فیض کا آبائی وطن قصبہ کالا قادر ضلع سیالکوٹ ہے۔ (رسالہ اذکار کراچی بیاد فیض نومبر ۱۹۸۵، شمارہ ۱۸۸ ص۱۷)

اُن کے والد کا نام چودھری سُلطان محمّد خاں تھا۔ وہ عربی، فارسی اور انگریزی زبانیں اچھی طرح جانتے تھے، اور نہایت ذہین، طباع اور قابل آدمی تھے۔ وہ نوجوانی ہی میں سیالکوٹ کو چھوڑ کر افغانستان چلے گئے جہاں افغانستان کے حکمراں امیر عبدالرحمٰن نے اُن کو افغان شہزادوں کا اتالیق مقرر کیا۔ قیام افغانستان کے زمانے میں وہ حکومت افغانستان کے چیف سیکرٹری بھی رہے۔ بعد میں اُنھیں انگلستان میں افغانستان کا سفیر مقرر کیا گیا اور وہ تین سال تک اس اہم عہدے پر فائز رہے۔ قیام انگلستان کے زمانے میں اُنھوں نے بیرسٹری کا امتحان بھی پاس کیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب علامہ اقبالؒ بھی انگلستان میں مقیم تھے۔ چنانچہ لندن میں اُن کی علامہ اقبالؒ سے مُلاقات ہوئی۔ سفیر کی حیثیت سے اپنی مُدّت ملازمت پوری کرکے وہ افغانستان واپس گئے۔ جہاں اُنھوں نے افغانستان کے ایک وزیر کی بیٹی سے شادی کی۔ لیکن اس کے بعد وہ ناسازگار حالات کے باعث زیادہ عرصے وہاں نہ رہ سکے، اور سیالکوٹ واپس آکر بیرسٹری شروع کردی۔ وہ اپنے زمانے کے مشہور بیرسٹر تھے۔ یہیں اُن کا انتقال ۱۹۳۷ء میں ہوا۔

فیض کی والدہ کا نام سُلطان فاطمہ تھا۔ اُن کے چار بھائی اور پانچ بہنیں تھیں۔ گھر میں علم و ادب کا چرچا تھا۔ اُن کے والد عالم فاضل آدمی تھے۔ اُنھوں نے انگریزی میں افغانستان کے حکمران امیر عبدالرحمٰن کی سوانح لکھی تھی، اور قانون پر بھی تصنیف

ہاتھ آگئی، اور میں نے کچھ دوسری اہم فائلوں کے ساتھ اس کو محفوظ کرلیا۔ اس میں کوئی غیبی مدد شامل تھی، ورنہ یہ اہم دستاویز بھی کبھی کی جل کر راکھ ہو چکی ہوتی۔

فیض صاحب بین الاقوامی شہرت کے شاعر اور نقاد تھے۔ جدید اُردو شاعری سے اُنہیں گہری دلچسپی تھی۔ جب ۱۹۳۹ء میں وہ ام۔اے۔او کالج امرتسر میں انگریزی کے اُستاد تھے تو اُنہیں جدید اُردو شاعری کے موضوع پر پی ایچ ڈی کرنے کا خیال آیا۔ چنانچہ اُنہوں نے اِس موضوع پر کام کرنے کے لئے پنجاب یونیورسٹی کو درخواست دی اور اس اہم موضوع پر تحقیقی کام کرنے کا ایک مُفصّل خاکہ پیش کیا۔

یہ خاکہ پندرہ ابواب پر پھیلا ہوا ہے، اور نہایت مُفصّل ہے۔ اس سے فیض صاحب کے وسیع اور گہرے مطالعے، اور اُن کی تحقیقی اور تنقیدی بصیرت اور تجزیاتی مزاج کا اندازہ ہوتا ہے۔

اس خاکے پر مختلف کمیٹیوں کی کئی میٹنگوں میں بحث ہوئی۔ بالآخر یہ فیصلہ ہوا کہ یہ موضوع بہت پھیلا ہوا ہے۔ اس پر فیض صاحب کو پی ایچ ڈی کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ میرے خیال میں یہ ایک المیہ تھا۔

اگر جدید اُردو شاعری کے موضوع پر یہ خاکہ منظور کرلیا جاتا تو اُردو کے ایک عظیم شاعر، محقق اور نقاد کی لکھی ہوئی ایک ایسی کتاب اُردو دُنیا کو مِل جاتی جس سے اُردو ادب کے اساتذہ، طالب علم اور اُردو شاعری سے دلچسپی لینے والے ہمیشہ ہمیشہ استفادہ کرتے!

افسوس ہے کہ ایسا نہ ہو سکا۔

بہرحال یہ نادر و نایاب تحریر کسی غیبی مدد سے میرے ہاتھ آگئی، اور میں نے اس کو اہتمام کے ساتھ شائع کرنے کا منصوبہ بنالیا، اور اب فیض صاحب کی یہ نادر و نایاب تحریر آپ کے سامنے ہے۔

میں نے مقدمے میں فیض صاحب کی شخصیت، اُن کی شاعرانہ اور تحقیقی و تنقیدی بصیرت کی وضاحت کی ہے۔ اور جدید اُردو شاعری پر اُن کی اس نادر و نایاب تحریر پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ اس خیال سے کہ ادبی دُنیا کو اس تحریر کی اہمیت کا اندازہ ہو۔

مجھے یقین ہے کہ فیض صاحب کی اس تحریر کو نہ صرف پاکستان اور ہندوستان بلکہ دُنیا کے تمام اہم مُلکوں میں ایک ادبی دریافت سمجھ کر شوق اور دلچسپی سے پڑھا جائے گا، اور اُردو زبان و ادب سے دلچسپی لینے والے ہمیشہ ہمیشہ اس سے استفادہ بھی کریں گے۔

عبادت بریلوی

۸۸/۱۷۔ این، سمن آباد، لاہور

۱۶ فروری ۱۹۸۹ء

پیش لفظ

۱۹۷۷ء میں جب حکیم الامۃ علامہ اقبالؒ کے جشن صد سالہ منانے کی تیاریاں ہونے لگیں، اور پاکستان کی سب سے قدیم درسگاہ پنجاب یونیورسٹی کی سنڈیکیٹ کی ایک میٹنگ میں تقریبات منعقد کرنے کا ایک منصوبہ زیر بحث آیا تو میں نے سنڈیکیٹ کے ایک ممبر کی حیثیت سے وائس چانسلر اور رجسٹرار کو مخاطب کر کے کہا "علامہ اقبالؒ کی فائل نکلوائیے"۔

یہ سُن کر وائس چانسلر صاحب نے رجسٹرار صاحب کی طرف دیکھا۔ رجسٹرار صاحب کچھ پریشان سے ہوئے، اور فرمایا "کئی سال ہوئے دوسری فائلوں کے ساتھ یہ فائل بھی ارباب اختیار کے حکم کی تعمیل میں تلف کر دی گئی"۔

میں نے کہا قومی نوعیت کی شخصیات کی فائلوں کو بغیر سوچے سمجھے تلف کرنے کا فیصلہ ایک ایسا جُرم ہے جس کو کبھی بھی معاف نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تو قومی سرمائے کی تباہی و بربادی ہے"۔

رجسٹرار صاحب نے فرمایا "یہ آج سے خاصے عرصے پہلے کی بات ہے۔ میرے زمانے میں ایسا نہیں ہوا۔ بیس پچیس سال کے بعد (Routine) میں ایسا کیا جاتا ہے کہ بعض فائلیں بیکار سمجھ کر تلف کر دی جاتی ہیں"۔

میں نے کہا "دنیا کے مُہذب ملکوں میں تو کاغذ کا ایک ایک پُرزہ محفوظ رکھا جاتا ہے۔ ہم اپنے کاغذات کو تلف کرتے ہیں۔ حیرت اور افسوس کی بات ہے۔ حکیم الاُمۃ علامہ اقبالؒ اور اُن کے ہم عصروں کی فائلوں کو تلف کرنا یونیورسٹی کے ارباب اختیار کی بے حسی، کم علمی اور نادانی کا ثبوت ہے"۔

اس واقعے کو یہاں بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک علمی اور تعلیمی ادارے میں کم علم اور جاہل قسم کی مخلوق یہ مشق ستم کرتی تھی۔ اِن ظالموں نے قومی شخصیات کے حالات سے متعلق معلومات کے نہ جانے کتنے بیش بہا خزانے ضائع کر دیئے۔ یہ تو ایک قومی المیہ ہے"۔

علامہ اقبالؒ کے بعد فیض صاحب کے ساتھ بھی یہی حادثہ پیش آیا۔ اُنہوں نے ۱۹۳۹ء میں جدید اُردو شاعری پر پی ایچ ڈی کرنے کے لئے پنجاب یونیورسٹی میں ایک خاکہ پیش کیا۔ اس کی ایک فائل مجھے ایسے کاغذات میں ملی جو تلف کرنے کے لئے رکھے گئے تھے۔ میں نے کئی گھنٹے صَرف کر کے اس انبار کو دیکھا، اور کسی غیبی مدد سے فیض صاحب کی یہ فائل میرے

انتساب

○

ایلیس فیض

سلیمہ

اور

مُنیزہ

کے لئے

عبادت بریلوی

فہرست

انتساب ۵
پیش لفظ ۷
مقدمہ ۹
فیض کی درخواست برائے پی۔ایچ۔ڈی ۱۳
خاکہ: جدید اُردو شاعری (۱۸۵۷ - ۱۹۳۹) ۱۵
یونیورسٹی کے دفتر کی کاروائی ۱۷
کتابیات ۱۹

جدید اُردو شاعری ۱۸۵۷ — ۱۹۳۹

○

کتاب : جدید اُردو شاعری ۱۸۵۷ — ۱۹۳۹
مُصنف : فیض احمد فیض
دریافت و تحقیق : پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی
ترتیب و مقدمہ : پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی
سرورق : سید انور حسین شاہ نفیس رقم
کتابت : سید محمد ابراہیم خوشنویس جامعہ اشرفیہ لاہور
اہتمام : سید محمد ابراہیم خوشنویس " " "
مطبع : ندیم پریس - لاہور
ناشر : فرید الدین، مینجر ادارۂ ادب و تنقید لاہور
جلد سازی : مدنی بک بائینڈنگ ہاؤس لاہور
تاریخ اشاعت : فروری ۱۹۸۹ء
تعاون : اکادمی ادبیات پاکستان، اسلام آباد
قیمت : ساٹھ روپے ۶۰/-

فیض احمد فیض

جدید اُردو شاعری

[۱۸۵۷ — ۱۹۳۹ء]

پی ایچ۔ڈی کے تحقیقی مقالے کا خاکہ

دریافت و تحقیق ★ ترتیب و مُقدّمہ

پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی

شائع کردہ

اِدارۂ ادب و تنقید، لاہور

فیض احمد فیض

جدید اُردو شاعری

[۱۸۵۷ — ۱۹۳۹ء]

پی ایچ۔ڈی کے تحقیقی مقالے کا خاکہ

دریافت، تحقیق ★ ترتیب و مقدمہ

پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی

شائع کردہ

اِدارۂ ادب و تنقید، لاہور